09-04-2015
جمعرات

پریس ریلیز

عوامی رائے عامہ

ایک سروے کے مطابق جو کہ "ادارہ برائے عوامی تحقیق" (IPOR) نےکرایاجس کے مطابق **(47 فیصد) لوگوں نے یمن کے بحران پر سعودی عرب فوج بھیجنے کی حمایت کی ہے۔**

ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا کہ "پاکستان کو یمن کے بحران میں مدد کے لیے سعودی عرب فوج بھیجنی چاہیے یا نہیں؟" تو اس کے جواب میں(47 فیصد) لوگوں کا کہنا تھا کہ" **ہاں**" جبکہ(29 فیصد) جواب دہندگان نے **"نہیں"** میں جواب دیا تا ہم (24 فیصد)نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

تمام صوبوں میں اس رائے پر زیادہ فرق دیکھنے کو نہیں ملا۔ تاہم سب سے ذیادہ صوبہ سندھ میں (53 فیصد) نے اس بات کی حمایت کی جبکہ سب سے ذیادہ مخالفت (31 فیصد) جواب دہندگان کی صوبہ پنجاب میں دیکھنے میں آئی جو سعودی عرب فوج بھیجنے کے حق میں نہیں تھے۔

"آپ کے خیال میں کیا پاکستان کو یمن کے بحران میں مدد کے لیے سعودی عرب فوج بھیجنی چاہیے؟"



صوبائی نتائج کا موازنہ



یہ انٹرویو ادارہ برائے عوامی تحقیق نے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے مردوں اور عورتوں سے کیے ہیں۔ اس سروے میں غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر ±3 فیصد لگایا گیا ہے۔ جبکہ یہ انٹرویو اپریل 5سے9 ، 2015 کے درمیان کے گئے ہیں۔